© rasailojaraid.com

# پیغام تہنیت

جمعیت اہلحدیث گلگت بلتستان کے مایہ ناز سپوت

## ڈاکٹر بشیر الرحمٰن حنیف ابن امیر جمعیت عبدالرحمٰن حنیف۔ حفظہ اللہ

نے اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد سے **"ڈاکٹر آف فلاسفی"** کی ڈگری اعلیٰ نمبروں میں حاصل کی ہے۔

آپ کے گرانقدر تحقیقی مقالے کا عنوان تھا: "عناية السنة النبوية بالصحة وتطبيقاتها في العصر الحاضر"

ابتدائی تعلیم مدرسة نصرة الإسلام کیریس میں حاصل کی۔ پھر جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی سے درجہ امتیاز میں سند فراغت حاصل کی۔ اس کے بعد الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة سے اعلیٰ نمبروں میں بیچلر ڈگری لی۔ ازاں بعد انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد سے اعلیٰ نمبروں میں ایم فل کیا۔

اب Ph.D کرنے کے فوراً بعد آپ کی قابلیت و لیاقت دیکھ کر یونیورسٹی انتظامیہ نے بطور پروفیسر رکھ لیا ہے۔

ہم باپ بیٹے دونوں کو اس غیر معمولی اعزاز پر ہدیہ تبریک پیش اور حصول علم کی کامیاب کوششوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اور ایسے عالی ہمت سپوتوں کو وطن عزیز کے طالبان علوم نبوت کے لیے مثالی نمونہ سمجھتے ہیں۔

نیز گزشتہ سال مختلف یونیورسٹیوں اور کالجوں میں درج ذیل طلباء کو میرٹ پر داخلہ ملا ہے: عمار یوسف سالک، خالد اسماعیل یوگو، اعجاز رستم غواڑی، شہباز عبدالمنان غواڑی، عتیق الرحمٰن عبدالشکور کریس، ہارون عباس اختر چھلو، شریف اسماعیل یگو، عبدالرؤف عبدالرشید، ثناء اللہ عبدالواحد یگو، احسان اللہ عبدالحئی اور فہیم الحق محمد زمان۔

جمعیت اہلحدیث بلتستان ان تمام طلباء اور ان کے والدین کو **"هدیه تبریك"** پیش کرتی ہے۔

امید ہے کہ یہ تمام ہونہار طالب علم وطن عزیز اور اہل علاقہ کے لیے بہترین خدمت گار ثابت ہوں گے۔ إن شاء اللہ

یاد رہے کہ ان میں سے ہارون عباس کے علاوہ باقی طلباء الاثر پبلک سکول یگو، کیریس اور غواڑی کے پروردہ ہیں۔

**سبق پڑھ پھر عدالت کا، شجاعت کا، صداقت کا — لیا جائے گا کام تجھ سے دنیا کی امامت کا**

© rasailojaraid.com